سوال

برائے مہربانی مندرجہ ذیل آیات کی شرح فرمادیں وکنتم ازواجاثلاثا ، فاصحاب المیمنۃ ما اصحاب المیمنۃ واصحاب المشئمۃ ما اصحاب المشئمۃ اور تم تین جماعتوں ہوجاؤگے ، تو دائیں ہاتھ والے کیسے اچھے ہیں دائیں ہاتھ والے ، اور بائیں ہاتھ والے کیا حال ہے بائیں ہاتھ والوں کا ۔ الواقعۃ (7 - 9)

جواب

الحمد للہ

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں :

یعنی قیامت کے دن لوگ تین اقسام میں بٹ جائیں گے ۔

امام طبری رحمہ اللہ تعالی کا قول ہے :

اوراسی طرح انہیں سورۃ کے آخر میں موت کے وقت ان ہی تین اقسام میں تقسیم کیا ہے ۔

پھر اللہ تبارک وتعالی نے ان جماعتوں کے حالات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہا ہے : واصحاب المیمنۃ ، یہ ان کے مقام کی عظمت اوران کے حالات کی بڑائی ہے ،

اوریہ فرمان : واصحاب المشئمۃ ما اصحاب المشئمۃ } اوربائیں ہاتھ والے کیا حال ہے بائیں ہاتھ والوں کا ۔

یعنی شمال والے یہ ان کی حالت کی ہولناکی ہے ۔

اور السابقون السابقون اور سبقت لے جانے والے تو سبقت لے جانے والے ہی ہیں ، یعنی دنیا میں خیر وبھلائی کے کاموں میں سبقت لے جانے والے ہی آخرت میں جنت میں داخل ہونے میں سبقت لے جانے والے ہیں اوروہ یہ ہیں جن کے اوصاف یہ ہیں ، المقربون ، وہ نعمتوں والی جنتوں میں اللہ تعالی کے قریب اوراعلی علیین میں بلند درجات میں ہیں جن کے اوپراور کوئی درجہ نہیں پایا جاتا ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ ہمیں بھی سبقت لے جانووالوں میں سے بنائے آمین یارب العالمین ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ دیکھیں تفسیر ابن سعدی ص (832) ۔